# سالانہ رپورٹ مجلس انصار اللہ بیلجیئم 2022

## ریفریشر کورس

مؤرخہ 6 فروری بروز اتوار مجلس انصار اللہ بیلجیئم کو اپنا مرکزی سالانہ ریفریشر کورس منعقد کرنے کی توفیق ملی الحمدللہ۔ ریفریشر کورس میں بوجہ وبائی بیماری کے بحالت مجبوری صدر صاحب مجلس انصار اللہ بیلجیئم اور مخصوص نیشنل قائدین اور مجالس کے زعماء مسجد بیت الرحیم آلکن میں تشریف لائے جبکہ باقی تمام نیشنل عاملہ ممبران، ریجنل ناظمین اعلیٰ اور لوکل مجالس کے عاملہ ممبران نے آن لائن شمولیت اختیار کی۔ نیشنل ریفریشر کورس کا آغاز مکرم حافظ جہانزیب قریشی صاحب نے تلاوت قرآن مجید سے کیا اس کے بعد صدر صاحب مجلس انصار اللہ بیلجیئم نے انصار اللہ کا عہد دہرایا ۔ اس کے بعد مکرم عبد الباسط بھٹی صاحب نے منظوم کلام حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالی عنہ پیش کیا بعد ازاں صدر صاحب مجلس انصار اللہ بیلجیئم نے تمام شاملین کو وقت کی مناسبت سے انتہائی مفید نصائح فرمائیں اور اجتماعی دعا سے باقاعدہ ریفریشر کورس کے سیشن کا آغاز فرمایا۔ اس کے بعد مخصوص نیشنل قائدین نے شعبہ عمومی، تربیت، تبلیغ، مال، تعلیم القرآن اور تجنید نے اپنا اپنا لائحہ عمل رواں سال کے لئے پیش کیا اس کے علاوہ گزشتہ سال کی بعض کمزوریوں اور مسائل کی طرف توجہ دلائی اور رواں سال میں ان کمزوریوں اور مسائل سے نمٹنے کے مناسب طریق بتائے اس کے علاوہ تمام لوکل عاملہ ممبران اور زعماء کے سوالات کے مناسب جوابات بھی دئے۔ اسی موقع پر مال بجٹ 2021 کی مکمل ادائیگی کرنے والی 9 مجالس کو سند امتیاز بھی دی گیئں۔ آخر پر صدر مجلس انصار اللہ بیلجیئم مکرم و محترم وسیم احمد شیخ صاحب نے تمام شاملین کا شکریہ ادا کیا اور بعض تربیتی اور انتظامی امور کی طرف پھر توجہ دلائی اور اجتماعی دعا کے ساتھ ریفریشر کورس کا اختتام ہوا۔ ریفریشر کورس کی مجموعی حاضری 72 رہی۔ اللہ تعالی سے عاجزانہ دعا ھے کہ وہ اپنے فضل سے ہم سب کو احسن رنگ میں خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے آمین۔






## شجر کاری

اللہ تعالیٰ کے خاص فضل سے قیادت ایثار کے تحت مجلس انصار اللہ بیلجیئم کو شہر برسلز میں شجر کاری کرنے کی توفیق ملی۔

برسلز گورنمنٹ کی دعوت پر مورخہ 17 سے 20 مارچ تک جماعت کو محترم حافظ احسان سکندر صاحب مشنری انچارج کی وساطت سے شجر کاری کرنے کا موقع فراہم ہوا۔

مجلس انصار اللہ نے 19 اور 20 مارچ کو اس ذمہ داری کو احسن رنگ میں نبھایا۔ ان دو دنوں میں 35 انصار نے 390 پودے لگائے، اس پروگرام میں ارکان نیشنل عاملہ مجلس انصار اللہ اور مشنری انچارج صاحب نے بھی شرکت کی، اس موقع پر شرکت کرنے والے انصار نے وہ جیکٹس پہنی ہوئیں تھیں جن کے پیچھے جماعت کا تعارف تھا۔ یہ پروگرام نہایت کامیاب رہا اور دیکھنے والے غیر از جماعت نے بھی جماعت کی اس کاوش کو بہت سراہا۔ الحمد اللہ



AHMADIYYA MUSLIM ASSOCIATION BELGIUM

One day one street
Beautify the streets of Brussels

The tree in the city, is a need



PLANTATION OF TREES IN THE CITY BY OUR VOLUNTEERS

**From the 17 to 20 March 2022**

**From 09h to 16h00**

**Avenue des Croix de Guerre, 1120 Bruxelles.**

More Info → 0478 98 33 42 info@islamahmadiyya.be

## تعلیم القرآن کلاس

تجویز مجلس شوریٰ 2021 کی روح سے دوران سال کمیٹی کے اجلاسات کرونا وبا کی وجہ سے آن لائن منعقد کئے گئے۔ جن میں کمیٹی کے ہر رکن کو ٹارگٹ دیا گیا۔ کمیٹی کے ہر رکن کو ایک ریجن کا انچارج بنا دیا گیا۔

کمیٹی اور زعماء کی کوشش سے تمام بیلجئیم کی مجالس سے جن کو قرآن کریم پڑھنا نہیں آتا 8 نام موصول ہوئے۔ تاہم اس سلسلہ میں کوشش جاری ہے کہ اگر کسی مجلس میں کوئی نام پیش ہونے سے رہ گئے ہوں زعماء سے وصول کیے جا سکیں۔

ان میں سے 6 انصار کی باقاعدگی سے ناظرہ قرآن کلاسز جاری ہیں۔ اسی طرح ایک کلاس مرکزی طور پر آن لائن گذشتہ 3 سال سے جاری ہے۔ کلاس کی حاضری ابتداء میں 15 تا 18 رہی۔ تاہم وقت گزرنے کے ساتھ حاضری میں کچھ کمی آئی۔ لیکن اس سلسلہ میں زعماء کو مسلسل توجہ دلائی جا رہی ہے کہ وہ مجلس کے انصار کو کلاس میں شامل ہونے کی تحریک کریں۔

تجویز کی روح سے ناظرہ قرآن کریم 100 فیصد ٹارگٹ کا حصول دو سال تک کا معین کیا گیا ہے۔ تاہم اس ایک سال کے گزرنے کے بعد جو کوئی کمزوری کمی بیشی رہ گئی ہے اگلے سال میں پوری کی جائے گی۔ اور تجویز کی باقی سفارشات پر بھرپور عملدرآمد کرایا جائے گا۔ انشاء اللہ

## تبلیغی میٹنگ

محض اللہ تعالیٰ کے خاص فضل سے قیادت تبلیغ مجلس انصاراللہ بیلجیئم کو مورخہ 4 اپریل، 2 سے 4 بجے تک بمقام ڈینسٹن سینٹرم لئیر میں ایک تبلیغی میٹنگ کا اہتمام کرنے کی توفیق ملی، الحمد اللہ

محترم توصیف احمد صاحب مربی سلسلہ نے احسن رنگ میں 28 غیر از افراد جماعت کو جماعت کا تعارف بذریعہ پاور پوائینٹ کروایا۔ اس پروگرام کو غیر از افراد جماعت نے بڑی دلچسپی سے سُنا۔ تمام شاملین کو مجلس کی طرف سے تبلیغی لٹریچر کے ساتھ پھول کا تحفہ بھی پیش کیا گیا۔ آخر میں مجلس کی طرف سے خاطر تواضع کا انتظام بھی تھا۔ یہ پروگرام اللہ تعالیٰ کے فضل سے نہایت کامیاب رہا۔


اللہ تعالیٰ محترم توصیف احمد صاحب مربی سلسلہ، محترم اظہر الدین خندکر صاحب قائد تبلیغ، محترم مرزا ندیم احمد قائد ایثار اور محمد اقبال صاحب زعیم مجلس لئیر کو ان کی خدمت کا بہترین اجر عطا فرمائے، آمین

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو حقیقی معنوں میں جماعت کا پیغام غیر از افراد جماعت تک پہنچانے کی توفیق دۓ آمین۔









## نیشنل مقابلہ حسن قراءت

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس انصار اللہ بیلجئیم کو قیادت تعلیم القرآن کے تحت رمضان کے بابرکت ماہ میں مورخہ 16 اپریل 2022ء بروز ہفتہ بعد نماز ظہر بیت السلام دلبیک میں نیشنل سطح پر مقابلہ حسن قرأت منعقد کروانے کی توفیق ملی۔

منصفین مقابلہ تلاوت کے لئے خاکسار کے علاوہ مکرم حافظ احسان سکندر صاحب نائب امیر و مشنری انچارج بیلجئیم اور مکرم توصیف احمد صاحب صدر خدام الاحمدیہ و مربی سلسلہ نے فرائض سر انجام دئے۔

مقابلہ تلاوت کے لئے سورۃ البقرہ آیات 184 تا 187 حصہ مقرر کیا گیا۔ مقابلہ کے آغاز تلاوت قران کریم سے کیا گیا۔ اس کے بعد مکرم وسیم احمد شیخ صاحب صدر مجلس انصاراللہ بیلجئیم نے قرآن کریم کی تلاوت کے حوالے سے مختصر تقریر کی بعد ازاں خاکسار نے مقابلہ کے قواعد وضوابط پڑھ کر سنائے۔

مقابلہ میں حصہ لینے والوں کی تعداد 9 تھی، مقابلہ میں 2 عربی نومبائعین نے بھی حصہ لیا۔ مقابلہ میں پوزیشنز لینے والے انصار کے نام کچھ یوں ہیں۔

اول۔ حافظ عطاء اللہ صاحب مجلس دلبیک، دوم۔ مکرم محمد الغزراوی صاحب مجلس بیت المجیب، سوم۔ مکرم جموئ توفیق صاحب مجلس بیت المجیب

اسی طرح مقابلہ میں حصہ لینے والے تمام انصار کو سرٹیفیکٹ دیئے گئے۔

مقابلہ کے آخر پر مکرم حافظ احسان سکندر صاحب نائب امیر و مشنری انچارج بیلجئیم اور مکرم توصیف احمد صاحب صدر خدام الاحمدیہ و مربی سلسلہ بیلجئیم نے قرآن کریم کی تلاوت اور اہمیت کے حوالے سے خطاب فرمایا۔ اسی طرح مکرم وسیم احمد شیخ صاحب صدر مجلس انصار اللہ بیلجئیم نے اختتامی کلمات فرمائے اور دعا کے ساتھ مقابلہ کا اختتام ہو۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں قرآن کو صحیح پڑھنے اور سمجھنے کی توفیق دے اور حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ کی ہدایات کی روشنی میں اس پر کماحقہٗ عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین



# سالانہ تعلیمی وتربیتی کلاس

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس انصار اللہ بیلجیئم کو اپنی سالانہ تعلیمی وتربیتی کلاس مؤرخہ 19 جون 2022 کو بمقام بیت الرحیم آلکن میں منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ الحمدللہ کلاس کا آغاز صبح 9 بجے رجسٹریشن اور ناشتے سے ہوا۔ 10-20 پر شیخ وسیم احمد صاحب صدر مجلس کی زیر صدارت پہلے اجلاس کی کارروائی کا آغاز ہوا۔ تلاوت مکرم جہانزیب قریشی صاحب نے کی۔ عہد صدر صاحب نے دہرایا اور نظم مکرم عبد الباسط بھٹی صاحب نے درثمین سے پیش کی۔ اس کے بعد صدر صاحب نے انصار بھائیوں سے خطاب کیا جس میں خاص طور پر روزانہ پنجوقتہ نماز اور نماز باجماعت کی طرف توجہ دلائی۔ نائب امیر جماعت بیلجیئم مکرم انور حسین صاحب نے اطاعت خلیفہء وقت اور کتب حضرت مسیح علیہ السلام کے مطالعہ کی طرف توجہ دلائی اور اجلاس کے آخر پر مربی سلسلہ مکرم حسیب احمد صاحب نے دعا کروائی۔ اس کے بعد باقاعدہ کلاسیسز اور لیکچرز کا آغاز ہوا۔ کلاس میں ترتیل القرآن، نماز اور اس کے مسائل، تسبیحات اور دعائیں، رشتہ ناطہ کے مسائل، انصار کی جسمانی صحت غذا، روزمرہ کی ورزش اور بیماریوں سے بچاو کے متعلق معلومات پر لیکچرز دیئے گئے۔ اس کے بعد کھانے اور ظہر کی نماز کے وقفے کے بعد دوبارہ کلاس کا آغاز ہوا۔ کلاس کے آخر پر ایک خصوصی نشست رکھی گئی جس کا موضوع تھا مغربی ممالک میں بڑھتے ہوئے آزادانہ بے راہ روی کے رجحانات کے قوانین، مسائل اور ان سے بچاو کے طریقے۔ اس نشت میں امیر جماعت بیلجیئم مکرم ڈاکٹر ادریس احمد صاحب کے ساتھ خصوصی گفتگو میں نیشنل عاملہ کے ساتھ ساتھ انصار بھائیوں کو بھی گفتگو کا موقع دیا گیا۔ آخر پر محترم امیر صاحب نے دعا کروائی۔ کلاس میں بیلجیئم کی تمام 14 مجالس کی نمائندگی رہی۔ کلاس میں شاملین کی تعداد 118 رہی الحمدللہ۔






## بیلجیئم کے قومی دن کے موقع پر مجلس انصار اللہ بیلجیئم کی تقریبات

ہر سال سرکاری طور پر 21 جولائی کا دن بیلجیئم کے قومی دن کے طور پر منایا جاتا ہے اور اس موقع پر ملک بھر میں مختلف تقریبات منعقد ہوتی ہیں۔ اسی دن کی مناسبت سے گذشتہ چند سالوں سے مجلس انصار اللہ بیلجیئم بھی مقامی انتظامیہ کے تعاون سے تقریبات منعقد کر رہی ہے چنانچہ اس سال بھی مجلس کے شعبہ تبلیغ کے زیرِ انتظام مختلف تقریبات کا اہتمام کیا گیا۔ قارئین کی دلچسپی کے لئے ان تقریبات کی مختصر رپورٹ پیش کی جا رہی ہے۔

اس قومی دن کے آغاز پر ملک بھر میں جماعت احمدیہ کی مساجد، مشن ہاؤسز، نماز سنٹرز اور اسی طرح مجلس انصار اللہ کے اراکین نے اپنی رہائش گاہوں اور گاڑیوں پر بیلجئیم کا قومی پرچم اور اپنے ملک سے محبت کے پیغامات پر مشتمل بینرز آویزاں کئے۔

مرکزی تقریب جماعت احمدیہ بیلجئیم کے مرکزی مشن ہاؤس برسلز (دلبیک) میں منعقد ہوئی جس میں ریجن برسلز کی تینوں مجالس نے شرکت کی۔ اس موقع پر قومی پرچم لہرایا اور قومی ترانہ پڑھا گیا جس کے بعد مکرم و محترم امیر صاحب اور سیکرٹری صاحب تبلیغ نے اس دن کی مناسبت سے فرینچ اور ڈچ زبان میں تقاریر کیں اور آخر میں جماعت اور ملکی ترقی و سالمیت کے لئے دعا کی گئی۔

پروگرام کے مطابق اس قومی دن کے موقع پر انصار اراکین کے علاوہ خدام اور اطفال بیلجیئم بھر میں قائم جماعت کی مساجد اور مشن ہاوسز میں اکٹھے ہوئے اور قومی پرچم اور بینرز سے سجائی گئی گاڑیوں میں اپنے شہر کا چکر لگایا، اس جلوس کے اختتام پر بعض مقامات پر مقامی زبان میں تقاریر کی گئیں شرکاء نے قومی پرچم لہراتے ہوئے بیلجیئم کا قومی ترانہ پیش کیا اور دعا کے ساتھ اس پروگرام کا اختتام کیا گیا۔ شہری جماعت کے حب الوطنی کے اس مظاہرہ سے نہ صرف لطف اندوز بلکہ بہت متأثر بھی ہوئے۔ علاوہ ازیں اس دن مقامی زبان میں حب الوطنی ایمان کا حصہ ہے کے پیغام پر

مشتمل خصوصی طور پر تیار کئے گئے سات ہزار 7000 پمفلٹس ملک بھر میں تقسیم کئے گئے۔ اسی طرح انصار نے اپنے دوستوں میں بھی سوشل میڈیا کے ذریعہ ان بینرز اور پمفلٹس کو شیئر کر کے جماعت کا تعارف اور پیغام پہنچایا۔

اس قومی دن کی تقریبات میں 81 انصار 72 خدّام 55 اطفال اور 2 ناصرات نے بھی حصّہ لیا، نیز شرکاء نے 62 گاڑیوں میں جلوس کی صورت میں اپنے اپنے شہر کا چکر لگایا الحمد للہ۔ اللہ تعالیٰ اس پروگرام کو کامیاب بنانے والے ہر ناصر، خادم، طفل اور ناصرہ کو بہترین جزاء عطا فرمائے اور مجلس کو بہتر سے بہتر انداز میں جماعتی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین
















# نیشنل پکنک

مورخہ 18 ستمبر بروز اتوار مجلس انصار اللہ بیلجیئم کو اپنی سالانہ پکنک منعقد کرنے کی توفیق ملی، الحمدللہ۔

چند مخیر حضرات کے بھرپور تعاون کی وجہ سے اس دفعہ پکنک کی انٹری فیس نہیں رکھی گئی تھی۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ زیادہ سے زیادہ انصار پکنک میں شامل ہوں۔

موسم کی خرابی کی وجہ سے پکنک بیت الرحیم آلکن میں منعقد کی گئی۔ پکنک کے دوران ریجنز کی سطح پر والی بال کے مقابلے کروائے گئے۔ ریجن براباں نے پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ دوسرے نمبر پر ریجن انٹورپن آئی۔

دوپہر کو تمام انصار بھائیوں نے حضور اقدس ایدہ اللہ تعالی بنصرہ العزیز کا خطاب نیشنل اجتماع لجنہ امااللہ یوکے سنا اور دعا میں شامل ہوئے۔ جو براہ راست یوکے سے ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے ذریعے نشر کیا گیا تھا۔ ظہر اور عصر کی نمازوں کی ادائیگی کے بعد تمام انصار بھائیوں کی خدمت میں دوپہر کا کھانا پیش کیا گیا جس میں چکن تکہ، سیخ کباب، فرائیڈ فش، فرنچ فرائز، سلاد، فروٹ، حلوہ، ڈرنک، چائے وغیرہ شامل تھی۔

پکنک میں 122 افراد نے شرکت کی جس میں 97 انصار بھائیوں کے علاوہ اطفال، خدام شامل ہوئے اور صدر صاحب خدام الاحمدیہ نے بطور مہمان شرکت کی۔ اس موقع پر نائب امیر صاحب اور میشنری انچارج صاحب کے ساتھ دو تبلیغی مہمان بھی شامل ہوئے۔

الحمدللہ تمام شاملین کے پکنک کے متعلق تاثرات بہت اچھے تھے اکثر احباب کا کہنا تھا کہ چار سال بعد اور کووڈ کی پابندیوں کے بعد ایسے اکٹھا ہونا اور سب سے ملنا انہیں بہت اچھا لگا اور انہوں نے بہت لطف اٹھایا، الحمدللہ۔

اللہ تعالیٰ تمام جملہ کارکنان کو ان کی خدمت کا بہترین اجر دے آمین







## نیشنل اجتماع مجلس انصاراللہ بیلجیئم 2022ء

اللہ تعالیٰ کے خاص فضل و کرم کے طفیل اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری اور دعاوں کے ساتھ مجلس انصاراللہ بیلجیئم کو اپنا 26واں سالانہ اجتماع مورخہ 21 تا 23 اکتوبر 2022 کو لجنہ اماللہ کے ساتھ بیت الرحیم آلکن میں منعقد کرنے کی توفیق ملی، جس کا تھیم تربیت اولاد تھا۔ یہ اجتماع پہلی دفعہ تین روز کی لئے منعقد کیا گیا۔

اس اجتماع کے انعقاد کے لئے اجتماع کمیٹی کا قیام و منظوری جون 2022 کو نیشنل عاملہ مجلس انصاراللہ کے اجلاس میں دی گئی۔ دوران اجتماع جملہ انتظامات کو احسن رنگ میں انجام دینے کے لئے نیشنل عاملہ نے مکرم منور احمد راجپوت بھٹی صاحب کو ناظم اعلیٰ اجتماع اور آصف احمد صاحب کو سیکرٹری اجتماع کی ذمہ داری سونپی۔ جبکہ مختلف شعبہ جات کی نگرانی اور انتظامات کے لئے 4 نائب ناظمین اعلیٰ کے زیر نگرانی 22 ناظمین کا تقرر کیا گیا۔ اجتماع کی پلاننگ اور انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے اجتماع کمیٹی کے اس دوران 3 اجلاسات ہوئے جس میں اجتماع کے انعقاد کے لئے انتظامات کا جائزہ اور مختلف کاموں کی کمیٹی سے منظوری حاصل کی جاتی رہی۔ اسی دوران اپریل اور مئی کے مہینہ میں چاروں ریجنز کے ریجنل اجتماعات منعقد کیے گئے۔ تا کہ انصاراللہ کو علمی اور ورزشی مقابلہ جات کی تیاری کے لئے زیادہ سے زیادہ موقع مل سکے۔ ان اجتماعات میں وسیم احمد شیخ صدر صاحب مجلس انصاراللہ بیلجیئم اور نیشنل عاملہ کے ممبران شامل ہوئے اور انصار کو اجتماعات کی اہمیت اور نیشنل اجتماع میں بھی بھرپور شرکت کی طرف توجہ دلائی گئی۔ جس کا خاطر خواہ فائدہ ہوا۔ اجتماع کی ہر لحاظ سے کامیابی کے لئے پیارے آقا حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں دعائیہ خط تحریر کیا گیا۔ دوران اجتماع جملہ انتظامات کی انجام دہی کے لئے محترم امیر صاحب کا ہر ممکن تعاون حاصل رہا۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

مجلس انصار اللہ بیلجیئم نے روایت کو برقرار رکھتے ہوئے بیرونی مجالس کے نمائندگان کو بھی اجتماع میں شرکت کی دعوت دی۔ چنانچہ محترم عبد الخالق صاحب اسسٹنٹ پرائیوٹ سیکرٹری انصار سیکشن بطور مرکزی نمائندہ، اسی طرح سید سہیل احمد شاہ صدر صاحب مجلس انصاراللہ فرانس اور ان کے ہمراہ 5 اراکین مجلس انصاراللہ فرانس کا وفد، مبارک احمد شاہد صاحب صدر مجلس انصار اللہ جرمنی اور ان کے ساتھ اراکین انصار اللہ جرمنی ہمارے اس اجتماع کو رونق بخشی۔

### سالانہ اجتماع کا آغاز

**اجتماع کے پہلے روز** رجسٹریشن و کھانا اور نماز جمعہ و عصر کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ کا براہ راست خطاب سنا گیا۔ اجتماع کا باقاعدہ آغاز پرچم کشائی کے بعد افتتاحی اجلاس تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوا جس کی صدارت محترم عبد الخالق صاحب اسسٹنٹ پرائیوٹ سیکرٹری انصار سیکشن

نے کی اور انصار سے خطاب فرمایا۔ بعد ازاں مکرم حافظ احسان سکندر مشنری انچارج بیلجئیم نے خطاب فرمایا۔ ا اس روز افتتاحی سیشن کے بعد کرکٹ میچز منعقد کروائے گئے۔ نماز مغرب وعشاء کی ادآئیگی کے بعد کھانا پیش کیا گیا۔

**اجتماع کے دوسرے دن** باجماعت نماز تہجد، نماز فجر اور درس القرآن کا اہتمام کیا گیا۔ ناشتہ کے بعد 10.30 پر **علمی مقابلہ جات** کا آغاز ہوا۔ اس روز علمی مقابلہ جات میں تلاوت، حفظ، نظم، قصیدہ شامل تھے۔ اس کے بعد تمام انصار سپورٹس ہال تشریف لے گئے۔ سپورٹس میں شامل والی بال، فٹبال، رسہ کشی، بیڈمنٹن کے مقابلہ جات ریجنز کے مابین منعقد کیے گئے۔ کوالیفائینگ راؤنڈ کے بعد فائنل مقابلہ جات بھی منعقد کروائے گئے۔ اس روز بعد نماز مغرب وعشاء بیت بازی کا دلچسپ مقابلہ ہوا جس کو انصار بھائیوں اور مہمانوں نے بہت پسند کیا۔

**اجتماع کے تیسرا روز** بھی باجماعت نماز تہجد، نماز فجر اور درس القرآن کا اہتمام کیا گیا۔

اس روز پروگرام کے مطابق والی بال کا ایک دوستانہ میچ مجلس انصار اللہ اور مجلس خدام الاحمدیہ بیلجیئم کے درمیان منعقد کیا گیا۔ جو سنسنی خیز مقابلے کے بعد مجلس انصار اللہ بیلجئیم نے جیت لیا۔ اس کے بعد تقاریر کے مقابلہ جات کرائے گئے۔ مقابلوں کے بعد کھانے اور نماز کا وقفہ ہوا۔ آخری سیشن کا آغاز مکرم امیر صاحب جماعت احمدیہ بیلجئیم کی صدارت میں ہوا۔ تلاوت کے بعد صدر صاحب مجلس انصار اللہ نے عہد انصاراللہ دہرایا۔ آخر میں جیتنے والے انصار بھائیوں کو انعامات تقسیم کئے گئے۔ اس کے بعد محترم شیخ وسیم احمد صدر مجلس انصار اللہ بیلجئیم نے تربیت اولاد کے موضوع پر خطاب کیا۔ آخر پر مہمانان از غیر ملک کا تعارف پیش ہوا۔ مکرم امیر صاحب نے انصار کو ان کی ذمہ داریوں کی طرف احسن رنگ میں توجہ دلائی۔ اس بابرکت اجتماع کا اختتام محترم امیر صاحب نے اختتامی دعا سے کروایا۔

اس سال **علم انعامی** مجلس انصار اللہ برسلز ایسٹ کو ملا اور محمد یونس بٹ صاحب مجلس انصار اللہ ہاسلٹ سال کے بہترین ناصر قرار پائے۔ اللہ تعالی ان کو یہ اعزاز مبارک کرے۔

اجتماع میں حاضری کی رپورٹ کچھ یوں رہی۔

تین دنوں کی مجموعی حاضری۔ انصار 183 مہمان 72 کل حاضری 255

الحمدللہ گزشتہ سالوں کی نسبت اس سال اجتماع میں شامل ہونے والوں کی تعداد کافی حوصلہ افزا تھی۔

اللہ تعالیٰ تمام شاملین اجتماع، مہمانان گرامی، انتظامیہ اور کارکنان اجتماع کو ان کی خدمت کا بہترین اجر عطا فرمائے، آمین



## نیشنل تربیتی سیمینار 2022

اللہ تعالیٰ کے خاص فضل کے ساتھ مورخہ 10 دسمبر بروز ہفتہ بمقام بیت الرحیم آلکن مجلس انصار اللہ بیلجیئم کو اپنا پہلا نیشنل تربیتی سیمینار منعقد کرنے کی توفیق ملی الحمد اللہ۔

نیشنل تربیتی سیمینار کی اجازت حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہِ شفقت مجلس شوری مجلس انصاراللہ بیلجیئم 2021 کی تجویز کو منظور فرماتے ہوئے مرحمت فرمائی تھی۔ جس کا موضوع تقویٰ اور حصولِ عرفان الہی تھا۔ تجویز کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے حضور اقدس کی خدمت میں سیمینار کے لیے مرکزی طور پر کسی مہمان خصوصی کی درخواست کی گئ جس کو حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہِ شفقت منظور فرماتے ہوئے مولانا شمشاد احمد قمر صاحب پرنسپل جامعتہ الاحمدیہ جرمنی کی اجازت بطور مہمان خصوصی سیمینار مرحمت فرمائی الحمدللہ۔ اس سیمینار کی صدارت محترم ڈاکٹر ادریس احمد صاحب امیر جماعت احمدیہ بیلجئیم نے کی۔

کھانے اور نماز ظہر و عصر باجماعت ادا کرنے کے بعد نیشنل تربیتی سیمینار کا آغاز بوقت 2 بجے تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ تلاوت محترم رفیق احمد ہاشمی صاحب نے ترجمہ کے ساتھ پیش کی۔ بعد ازاں انور حسین صاحب نے نظم پڑھ کر سنائی۔ مکرم وسیم احمد شیخ صاحب صدر مجلس انصاراللہ بیلجیئم کے

استقبالیہ خطاب کے بعد مکرم و محترم توصیف احمد صاحب مربی سلسلہ و صدر خدا الاحمدیہ نے تقویٰ اور حصولِ عرفان الٰہی کے موضوع پر احسن رنگ میں روشنی ڈالی۔ اس کے بعد مکرم و محترم شمشاد احمد قمر صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ جرمنی کا تقویٰ کے عنوان پر جامع خطاب شاملین نے سنا۔ مولانا صاحب نے نہایت خوبصورت اور روح پرور انداز میں سامعین کے سامنے اپنے علم اور تجربات کی روشنی میں تقویٰ اور حصولِ عرفان الٰہی کے باریک درباریک پہلوؤں پر روشنی ڈالی جس پر تمام حاضرین مجلس نے یہ کہہ کر پسندیدگی کا اظہار کیا کہ مولانا صاحب کا خطاب ہمارے علم میں ایک بہترین اضافہ ہے اس موضوع کے بہت سے علمی نکات ہم پہلی بار سمجھیں ہیں جو ہماری روحانی زندگی کے لئے بہت فائدہ مند ہیں اکثریت نے یہ بھی کہا کہ اسطرح کے علمی سیمینار آئندہ بھی ہونے چاہئیں۔ آخر میں انصار بھائیوں کو روحانی ترقی اور دینی معلومات کی غرض سے سوالات کرنے کا موقع بھی دیا گیا۔ اس موقع پر پرنسپل صاحب نے احسن رنگ میں سوالات کے جوابات دیئے۔

اس کے بعد امیر جماعت احمدیہ بیلجیئم مکرم ڈاکٹر ادریس احمد صاحب نے اختتامی خطاب فرمایا جس میں انہوں نے مہمان خصوصی اور تمام شاملین کا شکریہ ادا کیا۔ آخر پر مہمان خصوصی جناب مکرم شمشاد احمد قمر صاحب نے اختتامی دعا کروائی۔

اللہ تعالیٰ تمام شاملین، مہمانان گرامی، انتظامیہ اور کارکنان کو ان کی خدمت کا بہترین اجر عطا فرمائے، آمین

نیشنل تربیتی سیمینار کو گوگل میٹ کے ذریعے آن لائن 75 افراد جماعت نے دیکھا اس طرح شاملین بشمول بیت الرحیم آلکن ٹوٹل حاضری 185 رہی جس میں انصار، لجنہ، ناصرات، خدام اور اطفال سب شامل ہوئے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہمیں آئندہ بھی ایسے علمی سیمینار احسن رنگ میں پیش کرنے کی توفیق عطا فرماتا رہے اور جو باتیں تقویٰ کے متعلق ہم نے اس سیمینار میں سنیں ان پر حقیقی معنوں پر عمل کرنے کی توفیق ملے آمین۔













## 26ویں مجلس شوریٰ

محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس انصاراللہ بیلجئیم کی 26ویں مجلس شوریٰ مؤرخہ 11 دسمبر 2022ء بروز اتوار بمقام بیت السلام دلبیک منعقد ہوئی الحمدللہ۔

افتتاحی اجلاس کی صدارت امیر جماعت احمدیہ بیلجئیم مکرم و محترم ڈاکٹر ادریس احمد صاحب نے فرمائی۔ کاروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ تلاوت مکرم حافظ جہانزیب قریشی صاحب نے اردو ترجمہ کے ساتھ پیش کی اور ڈچ ترجمہ مکرم اویس بن سعد صاحب نے پیش کیا۔ بعد ازاں محترم وسیم احمد شیخ صاحب صدر مجلس انصاراللہ بیلجئیم نے نظامِ شوریٰ کی اہمیت قواعد وضوابط اور نمائندگانِ شوریٰ کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی۔ مکرم و محترم امیر صاحب جماعت احمدیہ بیلجئیم نے اپنے صدارتی خطاب میں نمائندگان کو شوریٰ کی کاروائی کے ہر مرحلہ پر تقویٰ کو پیشِ نظر رکھنے کی نصیحت فرمائی خطاب کے بعد محترم امیر صاحب نے دُعا کروائی۔ اس کے بعد شوریٰ کی کاروائی کا آغاز ہوا اور مکرم شاہد محمود صاحب سیکرٹری شوریٰ نے تجویز برائے شوریٰ 2021ء پر عمل درآمد کی جائزہ رپورٹ پیش کی اور تجویز برائے شوریٰ 2022ء پڑھ کر سنائی جس کے بعد مکرم عبدالباسط بھٹی صاحب قائد مال نے بجٹ 2023ء نمائندگانِ شوریٰ کے سامنے پیش کیا بعد ازاں پیش کی گئی تجاویز پر غور وخوض کے لئے سب کمیٹیاں تشکیل دی گئیں اس کے ساتھ ہی پہلے اجلاس کی کاروائی اختتام پذیر ہوئی۔

نماز اور کھانے کے وقفے کے بعد مجلس شوریٰ کے دوسرے اجلاس کا آغاز ہوا۔ سب کمیٹیوں نے تجاویز سے متعلق اپنی سفارشات پیش کیں جن پر نمائندگان شوریٰ نے سیر حاصل بحث کی اور اس سال کی تجاویز کو حسبِ قواعد حتمی شکل دینے کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمتِ اقدس میں پیش کرنے کی منظوری دی۔

مکرم و محترم صدر صاحب نے الوداعی خطاب کرتے ہوئے شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور چند ضروری امور کی طرف توجہ احسن رنگ میں دلائی اور آخر میں دعا کے ساتھ اس بابرکت مجلس شوریٰ کا اختتام ہوا۔ الحمدللہ علی ذالک۔










## کرسمس اور سال نو کے موقع پر گرجاگھروں میں پھولوں اور چاکلیٹس کے تحائف

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس انصار اللہ بیلجیئم کو امسال بھی اندرونِ ملک مختلف شہروں اور دیہاتوں کے گرجاگھروں میں حقیقی اسلام کے پیغام کے ساتھ پھولوں اور چاکلیٹس کے تحائف پیش کرنے کی توفیق ملی۔ الحمدللہ

اس پروگرام کی تیاری کی غرض سے چند ہفتے پہلے بہت سے گرجاگھروں کی انتظامیہ سے رابطہ کیا گیا اور اس طرح 34 گرجاگھروں کی انتظامیہ کی طرف سے اجازت مل سکی۔

اس پروگرام کا آغاز 24 دسمبر بروز ہفتہ بعد از دوپہر ہوا جس کا اختتام 25 دسمبر کو ہوا۔ پہلے سے طے شدہ طریق کے مطابق مربّیانِ سلسلہ اور انصار مقررہ گرجاگھروں میں تشریف لے گئے جہاں انتظامیہ کی طرف سے خوش آمدید کہا گیا۔ پادری صاحبان نے کرسمس کی مناسبت سے اپنی مذہبی رسومات کی ادئیگی کے بعد مربّیانِ سلسلہ یا خدام کو حاضرین سے مخاطب ہونے کی دعوت دی چنانچہ اس اہم موقع پر حاضرین کو مبارکباد پیش کرنے کے ساتھ اسلام کی مختلف مذاہب کے ساتھ بھائی چارے اور امن کی تعلیم اور اسلام احمدیت کا تعارف پیش کرنے کا موقع ملا جس کے بعد پادری صاحبان کو خصوصی تحائف اور پھول پیش کئے گئے اسی طرح تقریب میں شامل تمام حاضرین کو امن اور بھائی چارے کے پیغام پر مشتمل تیار کئے گئے سٹکرز کے ساتھ پھولوں اور چاکلیٹس کے تحائف پیش کئے گئے۔ اکثر حاضرین نے محسوس بھی کیا اور بعض نے اس کا اظہار بھی کیا کہ دوسرے مذہب کے لوگ ہماری اس خوشی میں شریک ہیں اور محنت سے تیار کئے گئے خوبصورت تحائف پیش کئے گئے ہیں۔ الحمد للہ

پروگرام کے بعد کئی غیر از جماعت نے جماعت کی سرگرمیوں متعلق پوچھا اور اسی موقع پر جماعت کی سرگرمیوں کی مختصراً تفصیل بھی پیش کی گئی۔

مجلس انصار اللہ کے اس پروگرام کی کامیابی میں مربّیان سلسلہ اور خدام کا تعاون بھی شاملِ حال تھا۔ ان دو دنوں میں چودہ مجالس کے 45 انصار کے علاوہ 39 خدّام، 11 لجنہ و ناصرات اور 27 اطفال ٹوٹل 122 ممبران جماعت کو 34 گرجاگھروں میں 2807 کی تعداد میں پھولوں کے اور 2140 چاکلیٹس تحائف پیش کرنے کی توفیق ملی۔ جزاکم اللہ

اسی طرح اس پروگرام کے ذریعے تقریباً 5000 ہزار غیر از جماعت تک حقیقی سلام یعنی جماعت احمدیہ کا پیغام پہنچانے کی توفیق ملی، الحمد اللہ

اس موقع پر پادری صاحبان نے ملاقاتوں کے دوران اظہارِ تشکر کے علاوہ اس خواہش کا اظہار کیا کہ دورانِ سال بھی ان رابطوں کو قائم رکھا جائے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ مجلس کی اس مساعی کو قبول فرمائے اور پہلے سے بڑھ کر خدمتِ دین میں حضرت خلیفۃ المسیح کا معاون و مددگار بنائے۔ آمین





## ایثار

اللہ تعالیٰ کے خاص فضل سے دوران سال رمضان میں 65 افطاری پیک یتیم بچوں کو بھجوائے گئے۔ الحمد اللہ

34 گفٹ پیک، صدر مجلس کی طرف سے دعائیہ خط کے ساتھ 70 سال سے زیادہ عمر والے اور بیمار انصار بھائیوں کے گھروں تک پہنچائے گئے۔ اس کا مقصد ان انصار بھائیوں سے باہمی تعلق پیدا کرنا تھا۔

دوران سال مختلف اوقات میں مجلس کے طرف سے بیمار انصار بھائیوں کی عیادت کے لئے مرکزی نمائیند گان بھجوائے گئے جنھوں ان مواقع پر مرکز کی طرف سے گفٹ پیک بھی ان انصار بھائیوں کو پیش کیے۔

## تبلیغ

دوران سال مورخہ 19 مارچ کو نیشنل تبلیغ ڈے منایا گیا جس میں 9 مجالس کے 60 انصار نے 10150 تبلیغی پمفلٹ تقسیم کیے الحمد اللہ۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مورخہ 16 اپریل کو ایک تبلیغی میٹنگ کا بمقام بیت المجیب انعقاد کیا گیا جس میں 5 غیر از جماعت نے شرکت کی۔ یہ میٹنگ نہایت کامیاب رہی۔ الحمد اللہ








## میگزین مجلس انصار اللہ بیلجئیم

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایداللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اجازت کے ساتھ مجلس انصار اللہ بیلجیئم کو آن لائین میگزین کا آغاز کرنے کی توفیق ملی الحمد اللہ۔ جس کا پہلا شمارہ شائع ہو چکا ہے جس کو مجلس انصار اللہ کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔



## سرائے ناصر

پیارے خلیفہ کی دعاوں اور اجازت کے ساتھ مجلس کو بیت السلام دلبیک کے پاس سرائے ناصر کے لئے ایک عمارت خریدنے کی توفیق مل رہی ہے الحمد اللہ۔ جس کی خریداری کا پہلا مرحلہ طے ہو چکا ہے اور انشااللہ عنقریب ملکیت کے لئے رجسٹری ہو جائے گی۔

## یورپین ریفریشر کورس

دوران سال ماہ اکتوبر میں 5 نیشنل عاملہ ممبران مجلس انصاراللہ بیلجئیم کو یورپین ریفریشر کورس بمقام جرمنی میں شرکت کرنے کی توفیق ملی۔ شرکا کے مطابق یہ پروگرام نہایت کامیاب اور موثر کن تھا۔

طالب دعا

خاکسار

وسیم احمد شیخ

صدر مجلس انصاراللہ بیلجئیم